احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

پیر یکم اکتوبر 2012ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

سوموار یکم اکتوبر 2012ء 13 ذیقعد 1433 ہجری یکم اخاء 1391 ہش جلد 62-97 نمبر 228

## اتمام نور کی دعا

اللہ تعالیٰ مومنوں کو توبۃ النصوح کی تعلیم دیتا ہے جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ ان کے گناہوں کا ازالہ فرما کر اپنی رضا کی جنتوں میں جگہ دے گا۔ ان مومنوں کے آگے اور پیچھے نور ہوگا اور وہ یہ دعا کریں گے۔

اے ہمارے رب! ہمارا نور ہمارے فائدے کیلئے پورا کردے اور ہمیں معاف فرما، تو ہر چیز پر قادر ہے۔ (التحریم:9)

# اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

’’مجھے ایک دفعہ ایک نہایت مشکل امر کے واسطے اس دعا (سورۃ فلق) سے کام لینے سے کامیابی نصیب ہوئی تھی۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں لاہور گیا۔ میرے آشنا نے مجھے ایک جگہ لے جانے کے واسطے کہا اور میں اس کے ساتھ ہولیا۔ مگر نہیں معلوم کہ کہاں لئے جاتا ہے اور کیا کام ہے اس طرح بے علمی میں وہ مجھے ایک مسجد میں لے گیا جہاں بہت سے لوگ جمع تھے۔ قرائن سے مجھے معلوم ہوا کہ یہ کسی مباحثہ کی تیاری ہے۔

میری چونکہ نماز عشاء باقی تھی۔ میں نے ان سے کہا کہ مجھے نماز پڑھ لینے دو۔ مجھے ایک موقعہ مل گیا کہ میں دعا کرلوں۔ خدا کی قدرت اس وقت میں نے اس سورۃ کو بطور دعا پڑھا اور باریک در باریک رنگ میں اس دعا کو وسیع کردیا اور دعا کی کہ ’’اے خدائے قادر وتوانا تیرا نام فالق الاصباح فالق الحب والنویٰ ہے۔ میں ظلمات میں ہوں۔ میری تمام ظلمتیں دور کردے اور مجھے ایک نور عطا کرکہ جس سے میں ہر ایک ظلمت کے شر سے تیری پناہ میں آجاؤں۔ تو مجھے ہر امر میں ایک حجت نیّرہ اور برہان قاطع اور فرقان عطا فرما۔ میں اگر اندھیروں میں ہوں اور کوئی علم مجھ میں نہیں ہے تو تُو ان ظلمات کو مجھ سے دور کرکے وہ علوم مجھے عطا فرما یا اور اگر میں ایک دانے یا گٹھلی کی طرح کمزور اور ردی چیز ہوں تو تُو مجھے اپنے قبضہ قدرت اور ربوبیت میں لے کر اپنی قدرت کا کرشمہ دکھا۔

غرض اس وقت میں نے اس رنگ میں دعا کی اور اس کو وسیع کیا جتنا کرسکتا تھا۔ بعدہ میں نماز سے فارغ ہوکر ان لوگوں کی طرف مخاطب ہوا۔ خدا کی قدرت کہ اس وقت جو مولوی میرے ساتھ مباحثہ کے واسطے تیار کیا گیا تھا۔ وہ بخاری لے کر میرے سامنے بڑے ادب سے شاگردوں کی طرح بیٹھ گیا اور کہا یہ مجھے آپ پڑھادیں۔ وہ صلح حدیبیہ کی حدیث تھی۔ لوگ حیران تھے اور میں خدا تعالیٰ کے تصرف اور کاملہ قدرت پر خدا کے جلال کا خیال کرتا تھا۔ آخر لوگوں نے اس سے کہا کہ یہاں تو مباحثہ کے واسطے ہم لائے تھے۔ تم ان سے پڑھنے بیٹھ گئے ہو۔ اگر پڑھنا ہی مقصود ہے تو ہم مولوی صاحب کی خدمت میں عرض کردیتے۔ ان کے ساتھ جموں چلے جاؤ اور روٹی بھی مل جایا کرے گی۔ وہی شخص ایک بار مجھے ملا اور کہا میں اپنی خطا معاف کرانے آیا ہوں کہ میں نے کیوں آپ کی بے ادبی کی۔ حالانکہ اس وقت بھی اس نے میری کوئی بے ادبی نہ کی تھی۔

غرض یاد رکھو خدا تعالیٰ بڑا قادر خدا ہے اور اس کے تصرفات بہت یقینی ہیں۔‘‘

(حقائق الفرقان جلد چہارم ص568,567)

## تجارت کا ایک سنہری اصول

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

’’ہر ایک تاجر کی ایک الگ سیاست ہے اور ہر ایک پیشہ ور کی الگ۔ تاجر کی سیاست تو یہ ہے کہ وہ باہر سے مال نہ اس بے احتیاطی اور کثرت سے خریدے کہ اس کی دکان میں ہی پڑا خراب ہوتا رہے اور نہ اتنا کم لائے کہ لوگوں کی ضروریات بھی پوری نہ ہوں بلکہ وہ ضروریات کو دیکھتا ہوا کسی چیز کی خریداری پر ہاتھ ڈالے تاکہ نہ اس کو ایک لمبے عرصہ تک خریداروں کا انتظار کرنا پڑے اور نہ یہ ہو کہ اس کے ہاں سے مال ہی نہ ملے۔ اسی طرح پیشہ ور کی سیاست یہ ہے کہ نہ تو اشیاء کے تیار کرنے میں اتنی دیر لگائے جس سے مانگ کا وقت گزر جائے اور نہ اتنا پہلے کہ ابھی مانگ کا موقع ہی نہ آئے اور وہ اشیاء کے تیار کرنے میں مصروف رہے۔‘‘

(خطبات محمود جلد 5 صفحہ 381)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2012ء

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## انگریزی کورس لیول 3 کا اجراء

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ کے زیر اہتمام انگریزی کے لیول 3 کورس کا اجراء کیا جارہا ہے۔ اس اہم کورس میں روز مرہ بول چال، انگریزی میں دینی وجماعتی عناوین پر مفید مواد اور آڈیو کی مدد سے لینگوئج کی ایڈوانس پریکٹس کرائی جائے گی۔ اس کورس میں داخلے کیلئے وہ واقفات نو اور دیگر طالبات رابطہ کریں جنہوں نے وقف نو انسٹیٹیوٹ سے لیول 2 پاس کیا ہوا ہے۔ داخلہ کیلئے مورخہ 3/اکتوبر 2012ء کو بیت نصرت دارالرحمت وسطی ربوہ میں واقع انسٹیٹیوٹ سے بعد نماز عصر رجسٹریشن فارم حاصل کرلیں اور مزید معلومات کیلئے فون نمبر 0476011966 پر رابطہ فرمائیں۔

(انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ ربوہ)

مشعل راہ

# میاں بیوی کا تقویٰ متقی نسل کا ضامن ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ فرمودہ 26مارچ 2004ء میں سورۃ الحجرات کی آیت 14 تلاوت کی اور فرمایا۔

اللہ تعالیٰ نے تقویٰ کا لفظ قرآن کریم میں اتنی بار استعمال کیا ہے کہ اس کی کوئی انتہا نہیں اور شاید ہی کوئی اور لفظ اتنی بار استعمال ہوا ہو۔ مختلف پیرایوں اور مختلف شکلوں میں اس کے بارے میں توجہ دلائی گئی ہے۔ بلکہ ایک (۔) جب شادی کے بندھن میں بندھتا ہے تو اس وقت نکاح کے خطبہ میں پانچ دفعہ تقویٰ کے بارہ میں ذکر آتا ہے۔ تقویٰ کی اہمیت کا اسی بات سے اندازہ کر لیں۔ کیونکہ شادی میں مرد اور عورت ایک نئی زندگی کا آغاز کر رہے ہوتے ہیں اور نہ صرف مرد اور عورت ایک معاہدہ کر رہے ہوتے ہیں بلکہ دو خاندان آپس میں ایک تعلق پیدا کر رہے ہوتے ہیں۔ اگر تقویٰ نہ ہو تو معاشرے میں ایک فساد پیدا ہو جائے۔ پھر ایک (۔) عورت اور مرد کے ایک تعلق میں بندھنے کے نتیجہ میں نئے وجودوں کی آمد ہوتی ہے۔ اگر ایک (۔) میاں بیوی تقویٰ پر قائم نہیں رہیں گے تو آنے والی نسل کے متقی ہونے کی کوئی ضمانت نہیں۔ تو خلاصہ یہ کہ تقویٰ ایک ایسی بنیادی چیز ہے جس کے بغیر خدا تعالیٰ کے ملنے اور اس سے زندہ تعلق جوڑنے کا تصور ہی غلط ہے۔ آج اسی بارے میں چند باتیں کہوں گا۔

یہ آیت جو میں نے تلاوت کی ہے اس میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے لوگو! یقیناً ہم نے تمہیں نر اور مادہ سے پیدا کیا اور تمہیں قوموں اور قبیلوں میں تقسیم کیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بلاشبہ اللہ کے نزدیک تم میں سے سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو سب سے زیادہ متقی ہے۔ یقیناً اللہ دائمی علم رکھنے والا اور ہمیشہ باخبر ہے۔

تو اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر فرما دیا کہ تمہاری چھوٹے قبیلوں یا بڑے قبیلوں میں جو تقسیم ہے یہ صرف تمہاری پہچان کے لئے ہے۔

اب دیکھ لیں یہاں افریقہ میں آپ کے ملک کی طرح چھوٹے چھوٹے علاقوں کے چیف ہیں اور پھر کئی چیف کسی بڑے چیف کے ماتحت ہیں۔ اور پھر یہ سب مل کر ملکی سطح پر ایک قوم ہیں۔ اسی طرح دنیا کے تمام ممالک میں بھی اس طرح کی تقسیم ہے۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ یہ جو تقسیم ہے اس کو اپنی بڑائی کی علامت نہ سمجھو۔ تمہاری بڑائی بڑا قبیلہ ہونے یا زیادہ امیر ملک ہونے سے نہیں ہے۔ بلکہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑا وہی شخص ہے وہی قبیلہ یا وہی قوم ہے جو تقویٰ میں سب سے آگے ہے اور یاد رکھیں کہ تقویٰ کا معیار اپنی نیکیوں کے اظہار سے نہیں ہوتا بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے جو ہماری ہر حرکت اور فعل سے باخبر بھی ہے اور اس کا علم بھی رکھتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کو سب علم ہے کہ کون سا فعل دکھاوے کی خاطر کیا گیا ہے اور کون سا فعل اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو سمیٹنے کے لئے کیا گیا ہے۔

(روزنامہ الفضل 29 جون 2004ء)

# سبحٰن من یرانی

حمد و ثنا اسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی نہ کوئی ثانی

باقی وہی ہمیشہ غیر اس کے سب ہیں فانی
غیروں سے دل لگانا جھوٹی ہے سب کہانی

سب غیر ہیں وہی ہے اک دل کا یار جانی
**دل میں مرے یہی ہے سبحٰن من یرانی**

ہے پاک پاک قدرت عظمت ہے اس کی عظمت
لرزاں ہیں اہل قربت کروبیوں پہ ہیبت

ہے عام اس کی رحمت کیونکر ہو شکر نعمت
ہم سب ہیں اس کی صنعت اس سے کرو محبت

غیروں سے کرنا الفت کب چاہے اس کی غیرت
**یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی**

جو کچھ ہمیں ہے راحت سب اس کی جود و منت
اس سے ہے دل کی بیعت دل میں ہے اس کی عظمت

بہتر ہے اس کی طاعت طاعت میں ہے سعادت
**یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی**

سب کا وہی سہارا رحمت ہے آشکارا
ہم کو وہی پیارا دلبر وہی ہمارا

اُس بن نہیں گزارا غیر اس کے جھوٹ سارا
**یہ روز کر مبارک سبحٰن من یرانی**

درثمین

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# پرچہ روحانی خزائن جلد 20

## (نصف آخر ۔ صفحہ 231 تا 460)

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات مجلس شوریٰ 2012ء)

دفتری استعمال

ID: ____________

حاصل کردہ نمبر

کل نمبر 100

**ہدایات:** ● یہ پرچہ 31/اکتوبر 2012ء تک نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ کو بھجوا کر ممنون فرمائیں۔ پرچہ ایک سادہ کاغذ پر حل کر کے اپنی مقامی جماعت کے مربی صاحب یا سیکرٹری صاحب اصلاح وارشاد کو بھی جمع کرواسکتے ہیں۔ نیز بذریعہ فیکس نمبر: 047-6213590 یا ای میل: nazarat.markazia@gmail.com بھی بھجوا سکتے ہیں۔ ● اس پرچہ میں کامیاب ہونے والوں کو نظارت کی طرف سے سند دی جائے گی۔ پرچہ پر اپنا نام، ولدیت یا زوجیت، تنظیم، جماعت اور ایڈریس صاف اور واضح لکھیں تاکہ آپ کو جو سند ملے اس پر آپ کے کوائف درست پرنٹ ہوں۔ ● حصہ اول کے ہر سوال کے دو نمبر ہیں۔ حصہ دوم کے ہر سوال کے تین نمبر اور حصہ سوم کے ہر سوال کے دس نمبر ہیں۔ کل 100 نمبر کا پرچہ ہے۔

سید محمود احمد (ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

نام ............................ ولدیت/ زوجیت ............................ ذیلی تنظیم ............................

نام جماعت/حلقہ ............................ ضلع ............................ پتہ ............................ دستخط مع تاریخ ............................

## حصہ اول

سامنے دیئے گئے تین آپشنز میں سے صحیح جواب کا نمبر آخری خانہ میں درج کریں۔ (20)

| نمبر شمار | سوال | آپشنز | درست نمبر |
|---|---|---|---|
| 1 | کتاب تجلیات الٰہیہ کس بارہ میں ہے؟ | (1) آریہ دھرم کے بارہ میں (2) زلزلوں کے بارہ میں (3) عیسائیوں کے بارہ میں | |
| 2 | حضرت مسیح موعود نے اپنے دعویٰ کی جڑھ کس چیز کو قرار دیا؟ | (1) تائیدات الٰہیہ (2) نشانات آسمانی (3) وفات عیسیٰؑ | |
| 3 | لیکچر لدھیانہ کب دیا گیا؟ | (1) 1904ء ۔ (2) 1905ء (3) 1906ء | |
| 4 | لیکچر لدھیانہ میں حضور اقدسؑ نے اپنی جماعت کی تعداد کتنی بتائی؟ | (1) 2 لاکھ (2) 3 لاکھ (3) 5 لاکھ | |
| 5 | قوم یونس کی بستی کا کیا نام تھا؟ | (1) مدین (2) یروشلم (3) نینوہ | |
| 6 | حضرت اقدس نے لیکچر لدھیانہ میں اپنی عمر کتنی بتائی ہے؟ | (1) 67 سال (2) 70 سال ۔ (3) 75 سال | |
| 7 | کون سی انجیل میں نبی کریم ﷺ کی نسبت پیشگوئی موجود ہے؟ | (1) مرقس (2) لوقا (3) برنباس | |
| 8 | بنی اسرائیل حضرت موسیٰؑ کی بے وقت موت پر کتنے دن تک روتے رہے؟ | (1) تیس دن (2) چالیس دن (3) پچاس دن | |
| 9 | حضور اقدس نے نجات ابدی کا چشمہ کس چیز کو قرار دیا؟ | (1) توبہ (2) ذکر الٰہی (3) وصال الٰہی | |
| 10 | حضور اقدس کے سفر جہلم میں کتنے لوگ حضور اقدس کی پیشوائی کیلئے آئے تھے؟ | (1) پانچ ہزار (2) سات ہزار (3) گیارہ ہزار | |

## حصہ دوم

مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔ (30)

1۔ حضور اقدس نے دعاؤں کی تاثیر کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا؟

............................

2۔ ”قرآن شریف نے خوب مثال دی ہے اور وہ یہ کہ کوئی مومن کامل نہیں ہوسکتا جب تک وہ دو شربت نہ پی لے۔“ ان دو شربتوں کے نام بتائیں؟

............................

3۔ پیشگوئی اور ارادۂ الٰہی میں کیا فرق ہے؟

............................

4۔ حضرت یونس علیہ السلام کی قوم سے جو عذاب ٹل گیا تھا اس کی وجہ کیا تھی؟

............................

5۔ نماز باجماعت کا ثواب زیادہ رکھنے میں کیا غرض ہے؟

............................

6۔ انسان گناہوں پر دلیر کیوں ہو جاتا ہے؟

............................

7۔ حوادث کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کو کیا علم دیا گیا؟

............................

8۔ حضور اقدس کے والد کی وفات کی خبر اللہ تعالیٰ نے کن الفاظ میں دی؟

............................

9۔ حضرت مسیح علیہ السلام کو صلیب پر چڑھائے جانے کے وقت ان کے منہ سے کیا کلمہ نکلا؟

............................

10۔ اشعار مکمل کریں۔

بعد از خدا بہ عشق محمدؐ مخمرم

............................

جانم فدا شود برہِ دینِ مصطفیٰ!

............................

## حصہ سوم

مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے تفصیلی جوابات لکھیں۔ (50)

سوال نمبر 1: حضرت اقدس نے گناہوں سے نجات پانے کے کون سے تین طریق بیان فرمائے ہیں۔تفصیلاً لکھیں۔

جواب : ............

سوال نمبر 2: بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والوں کے لئے حضور اقدس نے کیا دعائیں کیں؟

جواب : ............

سوال نمبر 3: استغفار کے حقیقی معنی کیا ہیں؟

جواب : ............

سوال نمبر 4 : قرآن اور انجیل کی رو سے خدا کے وجود سے متعلق موازنہ کریں کہ کس نے زندہ خدا پیش کیا ہے؟

جواب : ............

سوال نمبر 5: حضرت مسیح موعود نے انبیاء کی سچائی پہچاننے کے کونسے تین طریق بیان فرمائے ہیں؟

جواب : ............

سوال نمبر 6: فرمایا ''میرے بعد بعض اور وجود ہونگے جو دوسری قدرت کا مظہر ہونگے'' دوسری قدرت سے کیا مراد ہے؟

جواب : ............

مکرم وکیل صاحب وقف نو

# واقفین نو۔ خدمت کے میدان میں اتر آئے

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ یوکے 2012ء کے دوسرے روز اپنے خطاب میں تحریک وقف نو کے بارہ میں جس رپورٹ سے چیدہ چیدہ نکات بیان فرمائے تھے۔ وہ تفصیلی رپورٹ ریکارڈ کے لئے پیش ہے۔

## تکمیل تعلیم کے بعد میدان عمل میں کام کرنے والے واقفین نو

| نمبرشمار | شعبہ | Male | Female | میزان |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مربیان | 92 | - | 92 |
| 2 | معلمین | 70 | - | 70 |
| 3 | ڈاکٹر | 02 | - | 02 |
| 4 | فارماسسٹ | 01 | - | 01 |
| 5 | ٹیچرز | 02 | 28 | 30 |
| 6 | ڈرافٹسمین | 01 | - | 01 |
| 7 | نرسنگ | 16 | - | 16 |
| 8 | کارکنان | 66 | 04 | 70 |
| 9 | ایم۔اے انتظامیہ | 5 | - | 5 |
| 10 | انجینئرز | 4 | - | 4 |
| | **میزان** | **259** | **32** | **291** |

## مختلف شعبہ جات میں زیر تعلیم واقفین نو

| نمبرشمار | شعبہ جات | Male | Female | میزان |
|---|---|---|---|---|
| 1 | جامعہ احمدیہ | 1342 | - | 1342 |
| 2 | معلمین | 101 | - | 101 |
| 3 | پی۔ایچ۔ڈی | 01 | 01 | 02 |
| 4 | ایم۔اے/ایم۔ایس۔سی | 200 | 196 | 396 |
| 5 | ایم۔بی۔بی۔ایس | 78 | 48 | 126 |
| 6 | ڈینٹل سرجن | 10 | 10 | 20 |
| 7 | فارماسسٹ | 28 | 39 | 67 |
| 8 | ویٹرنری ڈاکٹر | 03 | - | 03 |
| 9 | ہومیوڈاکٹر | 12 | 12 | 24 |
| 10 | فزیوتھراپسٹ | 02 | 03 | 05 |
| 11 | پیرامیڈکس | 40 | 31 | 71 |
| 12 | انجینئرنگ ڈگری | 173 | 59 | 232 |
| 13 | انجینئرنگ ڈپلومہ | 87 | - | 87 |
| 14 | بی۔ایس آنرز | 92 | 160 | 252 |
| 15 | بی۔ایڈ | 02 | 78 | 80 |
| 16 | بی۔کام | 215 | 42 | 257 |
| 17 | ایل۔ایل۔بی | 17 | 03 | 20 |
| 18 | بی۔ایس۔سی | 48 | 104 | 152 |
| 19 | بی۔اے | 243 | 583 | 826 |
| 20 | بی۔بی۔اے | 65 | 13 | 78 |
| | **کل میزان:** | **2759** | **1382** | **4141** |

## زیر تعلیم واقفین نو کی تفصیل

**1:۔جامعہ احمدیہ۔**

| تفصیل کورس | Male | Female | میزان |
|---|---|---|---|
| جامعہ احمدیہ ربوہ | 1007 | - | 1007 |
| جامعہ احمدیہ بیرون پاکستان | 335 | - | 335 |
| **میزان:** | **1342** | **-** | **1342** |

**2:۔معلمین۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدرستہ الظفر ربوہ | 101 | - | 101 |

**3:۔پی۔ایچ۔ڈی۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ریاضی | - | 01 | 01 |
| زوالوجی | - | - | - |
| زراعت | 01 | - | 01 |
| **میزان:** | **01** | **01** | **02** |

**4:۔ایم۔اے/ایم۔ایس۔سی۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| انگلش | 11 | 45 | 56 |
| عربی | 1 | 10 | 11 |
| اردو | - | 13 | 13 |
| ایم۔اے ایجوکیشن | 05 | 12 | 17 |
| ایم۔ایڈ | - | 01 | 01 |
| انٹرنیشنل ریلیشنز | 01 | - | 01 |
| اکنامکس | 06 | 15 | 21 |
| ہسٹری | - | 04 | 04 |
| ہوم اکنامکس/فوڈ ٹیکنالوجی | 02 | 03 | 05 |
| سپیشل ایجوکیشن | - | 01 | 01 |
| اسلامیات | 04 | 06 | 10 |
| پولیٹیکل سائنس | 03 | 03 | 06 |
| ایم۔بی۔اے | 42 | 06 | 48 |
| ایم۔کام | 12 | 04 | 16 |
| ACCA/CA | 79 | 11 | 90 |
| لائبریری سائنس | 03 | 03 | 06 |
| انفارمیشن ٹیکنالوجی | 01 | 03 | 04 |
| ماس کمیونی کیشن | 02 | 10 | 12 |
| میڈیا سائنسز | 02 | - | 02 |
| سوشیالوجی | 02 | 03 | 05 |
| شماریات | 02 | 01 | 03 |
| ریاضی | 01 | 06 | 07 |
| فزکس | 01 | 05 | 06 |
| کیمسٹری | 04 | 08 | 12 |
| بیالوجی | 02 | 02 | 04 |
| **تفصیل کورس** | **Male** | **Female** | **میزان** |

| | | | |
|---|---|---|---|
| باٹنی | 01 | 02 | 03 |
| زوالوجی | 04 | 01 | 05 |
| مائیکروبیالوجی اینڈ جنیٹکس | - | 03 | 03 |
| کمپیوٹر سائنس | 03 | 07 | 10 |
| سائیکالوجی | 01 | 07 | 08 |
| زراعت | 04 | 01 | 05 |
| فلم میکنگ۔ٹی وی پروڈکشن | 01 | - | 01 |
| **میزان:** | **200** | **196** | **396** |

**5:-میڈیکل۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایم۔بی۔بی۔ایس | 78 | 48 | 126 |

**6:-ڈینٹل سرجن۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی۔ڈی۔ایس | 10 | 10 | 20 |

**7:-فارماسسٹ۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Pharm-D | 28 | 39 | 67 |

**8:-ویٹرنری ڈاکٹر۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| DVM | 03 | - | 03 |

**9:-ہومیوڈاکٹر۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہومیوڈاکٹر | 12 | 12 | 24 |
| بی۔ایس آنرز فزیوتھراپی | 02 | 03 | 05 |

**11:-پیرامیڈکس۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| لیبارٹری/میڈیکل ٹیکنالوجی | 15 | 08 | 23 |
| نرسنگ | 25 | 23 | 48 |
| **میزان:** | **40** | **31** | **71** |

**12:-انجینئرنگ ڈگری۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| سول | 08 | - | 08 |
| الیکٹریکل | 27 | 02 | 29 |
| الیکٹرونکس/ٹیلی کام | 34 | 03 | 37 |
| کمپیوٹر سائنس انجینئرنگ | 64 | 37 | 101 |
| آرکیٹیکٹ | 10 | 03 | 13 |
| کیمیکل | 06 | 01 | 07 |
| مکینیکل | 07 | - | 07 |
| متفرق | 17 | 13 | 30 |
| **میزان:** | **173** | **59** | **232** |

**13:-انجینئرنگ ڈپلومہ۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| سول | 35 | - | 35 |
| الیکٹریکل | 26 | - | 26 |
| الیکٹرونکس/ٹیلی کام | 12 | - | 12 |
| کیمیکل | 04 | - | 04 |
| مکینیکل | 08 | - | 08 |
| آرکیٹیکٹ | 02 | - | 02 |
| **میزان:** | **87** | **-** | **87** |

**14:-بی۔ایس۔آنرز۔**

| **تفصیل کورس** | **Male** | **Female** | **میزان** |
|---|---|---|---|
| انگلش | 04 | 32 | 36 |
| عربی | 02 | - | 02 |
| ایجوکیشن | 01 | - | 01 |
| اکنامکس | 09 | 03 | 12 |
| ہوم اکنامکس/فوڈ ٹیکنالوجی | 01 | 11 | 12 |
| انفارمیشن ٹیکنالوجی | 16 | 14 | 30 |
| ماس کمیونیکیشن/جرنلزم | 17 | 12 | 29 |
| میڈیا سائنسز/فلم میکنگ/ٹی وی پروڈکشن | 03 | 04 | 07 |
| جغرافیہ/جیالوجی | 05 | 02 | 07 |
| انوائرمینٹل سائنسز | 02 | 03 | 05 |
| کیمسٹری/بائیوکیمسٹری | 04 | 21 | 25 |
| سائیکالوجی | - | 13 | 13 |
| فزیالوجی | - | 02 | 02 |
| فزکس | 02 | 03 | 05 |
| باٹنی | 03 | 03 | 06 |
| زوالوجی | 02 | 13 | 15 |
| میتھ | 05 | 12 | 17 |
| زراعت | 09 | 01 | 10 |
| مینجمنٹ | 01 | 01 | 02 |
| مائیکروبیالوجی | 01 | 04 | 05 |
| فائن آرٹس | 03 | 05 | 08 |
| لائبریری سائنس | 02 | 01 | 03 |
| **میزان:** | **92** | **160** | **252** |

**15:-بی۔ایڈ۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی۔ایڈ | 02 | 78 | 80 |

**16:-بی۔کام۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی۔کام | 215 | 42 | 257 |

**17:-وکیل۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایل۔ایل۔بی | 17 | 03 | 20 |

**18:-بی۔ایس۔سی۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| میتھ۔سٹیٹ۔اکنامکس | 16 | 12 | 28 |
| ڈبل میتھ۔فزکس | 07 | 22 | 29 |
| فزکس۔کیمسٹری۔میتھ وغیرہ | 25 | 70 | 95 |
| **میزان:** | **48** | **104** | **152** |

**19:-بی۔اے۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی۔اے۔آرٹس | 243 | 583 | 826 |

**20:-بی۔بی۔اے۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| بی۔بی۔اے | 65 | 13 | 78 |
| **کل میزان:** | **2759** | **1382** | **4141** |

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## نکاح

مکرم سعید احمد ریحان صاحب پاکستان ٹاؤن اسلام آباد تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل سے خاکسار کے بیٹے مکرم توصیف احمد ریحان صاحب کینیڈا کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرمہ ثمرین وسیم صاحبہ بنت مکرم وسیم احمد صاحب کینیڈا مورخہ 2 ستمبر 2012ء کو بمقام بیت السلام کینیڈا، مکرم فرحان اقبال صاحب مربی سلسلہ کینیڈا نے مبلغ بیس ہزار کینیڈین ڈالر حق مہر پر کیا۔ دلہا مکرم ملک احمد خان ریحان صاحب کا پوتا اور مکرم حضرت محمد صادق جہلمی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل میں سے ہے۔ جبکہ دلہن کا تعلق حضرت مولوی عبداللہ سنوری صاحب کے خاندان سے ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے نہایت بابرکت کرے۔ آمین

## سانحہ ارتحال

مکرم محمد یوسف شاہد صاحب مربی سلسلہ نظارت اشاعت ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ رشیدہ بیگم صاحبہ جو مکرم محمد یعقوب صاحب ریٹائرڈ ریلوے گارڈ محلہ ناصر آباد شیخوپورہ کی اہلیہ، مکرم حکیم عبدالرحمٰن صاحب ریٹائرڈ معلم اصلاح وارشاد کی بیٹی اور مکرم میاں روشن الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی سب سے بڑی پوتی تھیں۔ مورخہ 21 ستمبر 2012ء کو بڑی لمبی نماز ظہر ادا کی اور 2:30 بجے کے قریب حرکت قلب بند ہونے سے وفات پا گئیں۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ اسی روز بعد نماز مغرب محلہ ناصر آباد شیخوپورہ میں ادا کی گئی اور جنازہ ربوہ لایا گیا۔ اگلے روز 10 بجے صبح محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے احاطہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں نماز جنازہ پڑھائی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد مکرم مرزا محمد الدین ناز صاحب ناظر تعلیم القرآن نے دعا کروائی۔ مرحومہ پابند صوم وصلوٰۃ اور تہجد گزار تھیں۔ آپ کی قرآن کلاس احمدی اور غیر احمدی بچوں، بچیوں کے لئے ہمیشہ جاری رہی سینکڑوں بچیوں نے آپ سے قرآن کریم پڑھا۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل عطا کرے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم دانش احمد شہزاد صاحب تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ مکرمہ صفیہ اعجاز صاحبہ زوجہ مکرم اعجاز احمد صاحب محلہ دارالیمن وسطی سلام کا مورخہ 26 ستمبر 2012ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں ہرنیا کا آپریشن ہوا ہے۔ آپریشن کے کامیاب ہونے اور بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رہنے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

## سانحہ ارتحال

مکرم محمد ارشد صاحب زعیم مجلس انصاراللہ چک نمبر 45 ر۔ب مرڑ ضلع ننکانہ صاحب تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی ساس محترمہ زہراں بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم محمد اسماعیل خاں صاحب سکنہ چک نمبر 45 ر۔ب مرڑ ضلع ننکانہ صاحب بقضائے الٰہی مورخہ 27 جولائی 2012ء کو وفات پا گئیں۔ مرحومہ اللہ کے فضل سے موصیہ تھیں۔ ان کی عمر تقریباً 76 سال تھی۔ ان کی نماز جنازہ بیت المبارک ربوہ میں محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی نے مورخہ 28 جولائی کو بعد نماز عصر پڑھائی۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین کے بعد محترم راجہ نصیر احمد صاحب نے دعا کروائی۔ مرحومہ اللہ کے فضل سے سادہ طبیعت، دعا گو، نیک ملنسار، مہمان نواز، مخلص احمدی، خلافت سے محبت کرنے والی، پانچ وقتہ نمازی، تہجد گزار، اور پرہیز گار تھیں۔ مرحومہ نے پسماندگان میں دو بیٹے اور پانچ بیٹیاں سوگوار چھوڑی ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے۔ ان کے درجات کی بلندی فرمائے اور جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ آمین

## دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے ضلع خانیوال کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت و اراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## نرسنگ ٹریننگ کلاس

(طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں نئی نرسنگ ٹریننگ کلاس کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ اس کیلئے تعلیمی معیار کم از کم میٹرک سائنس کے ساتھ فرسٹ ڈویژن یا ایف ایس سی فرسٹ یا سیکنڈ ڈویژن اور عمر کی حد زیادہ سے زیادہ 20 سال ہے۔ اسناد اور ''ب'' فارم یا شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی درخواست کے ساتھ لف کریں جو احمدی بچے/ بچیاں خدمت کا جذبہ رکھتے ہوں۔ (خصوصاً واقفین نو) درج بالا شرائط پر پورا اترنے والے اپنی درخواستیں ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ کے نام اپنے صدر صاحب/ امیر صاحب کی سفارش سے ارسال کریں۔ درخواست پر مکمل ایڈریس بمعہ رابطہ نمبر درج کریں۔

طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ میں نئی نرسنگ ٹریننگ کلاس 2012ء کا شیڈیول درج ذیل ہے۔

درخواست بھجوانے کی آخری تاریخ 25/ اکتوبر اور انٹرویو مورخہ 11 نومبر کو صبح 10 بجے ہو گا۔ رزلٹ مورخہ 26 نومبر کو بذریعہ ڈاک یا ٹیلی فون بھجوایا جائے گا۔ کلاس کا اجراء مورخہ 5 جنوری 2013ء سے صبح 10 بجے آڈیٹوریم طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں ہوگا۔

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

## احمدی نابینا افراد متوجہ ہوں

مجلس نابینا ربوہ ایک عرصہ سے احمدی نابینا افراد کی فلاح و بہبود اور معاشرے میں فعال کردار ادا کرنے کے قابل بنانے کیلئے سرگرم عمل ہے۔ جس کے نتیجہ میں متعدد نابینا افراد معذور بننے کی بجائے اپنے اور اپنے خاندان کا بوجھ اٹھانے کے قابل ہو گئے ہیں۔ اس تنظیم کے اہم کاموں میں یہ بھی شامل ہے کہ اپنے بھائیوں کو ہمہ وقت مفید وجود بنانے اور ان کی احساس کمتری کو دور کرنے کیلئے مختلف تقریبات، مقابلہ جات اور دیگر دلچسپی کے پروگرامز کا انعقاد کرتی ہے۔ نیز ہنر سکھانے کی کلاسز بھی لگائی جاتی ہیں۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ پاکستان بھر کے تمام احمدی نابینا افراد جو تاحال اس مفید تنظیم سے منسلک نہیں ہوئے وہ جلد از جلد اس سے وابستہ ہوں اور اپنے آپ کو گمنامی کی زندگی سے نکال کر کوئی نہ کوئی ہنر سیکھیں اور اپنے آپ کو منوائیں۔ مجلس نابینا کا دفتر خلافت لائبریری ربوہ میں قائم ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔

(صدر مجلس نابینا ربوہ)

## یوم تحریک جدید

امراء اضلاع، صدران جماعت اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں درخواست ہے کہ مجلس مشاورت 1991ء کے فیصلہ کی تعمیل میں سال رواں کا دوسرا ''یوم تحریک جدید'' 12/اکتوبر 2012ء بروز جمعۃ المبارک منایا جائے جس میں احباب جماعت کو مطالبات تحریک جدید کی طرف خصوصی توجہ دلائی جائے۔ اس موقع پر امراء و صدر صاحبان اپنی سہولت اور حالات کے مطابق پروگرام منعقد کر کے مطالبات کی اہمیت احباب جماعت پر واضح کرنے کا اہتمام فرمائیں۔

خطبات جمعہ میں تحریک جدید کے مطالبات اور ان کی حکمت بیان کی جائے۔ اس دن خصوصیت کے ساتھ تحریک جدید کے ذریعہ جماعت پر ہونے والے انعامات و افضال الٰہیہ کا احباب کے سامنے ذکر کیا جائے۔ اس دن حسب ذیل چند مطالبات تحریک جدید پر خصوصی روشنی ڈالی جائے۔

1۔ احباب سادہ زندگی بسر کریں۔ لباس کھانے اور رہائش میں سادگی اختیار کریں۔

2۔ والدین اپنی اولاد کو خدمت دین کے لئے وقف کریں۔

3۔ رخصت کے ایام خدمت دین کے لئے وقف کریں۔

4۔ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔

5۔ جو لوگ بے کار ہیں وہ چھوٹے سے چھوٹا کام جو بھی مل سکے کر لیں۔

6۔ قومی دیانت کا قیام کریں۔

7۔ حسب استطاعت مالی قربانی کرنے کی طرف احباب جماعت کو توجہ دلائی جائے۔

8۔ مقاصد تحریک جدید کے لئے خاص دعا کریں۔

9۔ تحریک جدید کے اعلان سے قبل حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے احباب کو اپنے تنازعات ختم کرنے کی خصوصی تحریک فرمائی تھی۔ موجودہ دور میں اس کی طرف بھی احباب کو خصوصی توجہ دلائی جائے۔

**نوٹ:۔** اگر کسی وجہ سے 12/اکتوبر کو 'یوم تحریک جدید' نہ منایا جا سکتا ہو تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو ''یوم تحریک جدید'' منایا جائے اور اس کی رپورٹ سے دفتر کو مطلع فرمائیں۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

# خبریں

## کاغذ سے بنا انوکھا روبوٹ جو حرکت کرنے کی بھی صلاحیت رکھتا ہے

ویسے تو دنیا بھر میں ماہر انجینئر زلوہے اور بھاری مشینوں سے مختلف اشکال اور صلاحیتوں کے حامل روبوٹ تیار کر رہے ہیں لیکن جاپانی شہر ٹوکیو میں ایک سائنسی ماہر نے کاغذ سے ایسا جدید اور دلچسپ روبوٹ تیار کیا ہے جو حرکت کرنے کی بھی صلاحیت رکھتا ہے۔ ماہر شخص نے انسان سے مشابہہ اس روبوٹ کو تیار کرنے کیلئے پہلے کاغذ کے ایک صفحے کو مختلف سائز اور شکلوں کے ٹکڑوں میں تبدیل کیا اور پھر انہیں اس انداز سے ترتیب دیا کہ وہ ایک روبوٹ کی شکل میں ڈھل گئے۔

## بچوں کیلئے ٹیبلیٹ کمپیوٹر

بچوں کیلئے ہائی ٹیک کھلونے بنانے والے امریکی ادارے ٹائز آف یوایس نے بچوں کیلئے ایک ٹیبلیٹ کمپیوٹر متعارف کرایا ہے جو ان کے مطابق بچوں کیلئے محفوظ ترین ٹیبلیٹ ہے جس میں ایسا پروگرام شامل ہے کہ والدین کیلئے اس بات پر نظر رکھنا بہت آسان ہو جائے گا۔

## روس کو قارون کا خزانہ مل گیا

روسی ماہرین نے اپنی سرزمین پر تین دہائیوں سے موجود، ہیروں کے سربستہ راز سے پہلی مرتبہ پردہ ہٹایا ہے۔ ماہرین کے مطابق مشرقی سائبیریا میں ننانوے کلومیٹر قطر پر محیط اس گڑھا نما جزیرے کا سراغ 1970ء میں سویت یونین کے وقت لگایا گیا تھا۔ تاہم اسے بعض نامعلوم مصلحتوں کی وجہ سے پردہ راز میں رکھا گیا۔ اک محیر العقول فلکی حادثے کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مقام سے صرف تحقیقی مقاصد کیلئے قیمتی پتھر تجربہ گاہ لانے کی اجازت تھی۔ رپورٹ کے تقریباً 35 ملین سال قبل خلاء میں سیارچوں کے باہمی تصادم کے نتیجے میں یہ گراں قدر خزانہ زمین تک پہنچا۔ اس میں موجود پتھروں اور جواہرات کی قدر و قیمت کا اندازہ لگانے والے ماہرین کے مطابق یہ جوہری خزانہ تین ہزار سال تک دنیا کی ضروریات پوری کرنے کیلئے کافی ہیں۔ ماہرین ارضیات کے مطابق یہاں موجود بعض ہیرے مارکیٹ میں فروخت ہونے والے ہیروں کے مقابلے میں دو سے دس گنا زیادہ مضبوط اور قیمتی بھی ہیں۔ یہ خزانہ سائنس اور صنعت کی دنیا میں بے پناہ ترقی کا موجب بن سکتا ہے۔

(روزنامہ ''دنیا'' فیصل آباد 20 ستمبر 2012ء)

## کمر پر فریج لاد کر 30 دن تک میراتھن میں حصہ لینے والا شخص

انگلینڈ کے ایک فلاحی کارکن نے اپنی کمر پر فریج لاد کر بلاناغہ 30 دن تک بھاگتے ہوئے میراتھن مکمل کرلی۔ 48 سالہ ٹونی فیونکس نامی یہ شخص فلاحی مقصد کے تحت 40 کلوم گرام وزنی فریج اپنی کمر پر لاد کر انگلینڈ کی سڑکوں پر مسلسل 30 دن بھاگتا نظر آیا۔ کینسر اور دل کے امراض سے بچاؤ کیلئے قائم ایک فلاحی ادارے کیلئے جاری چنیدہ مہم کی تکمیل کیلئے ٹونی نے ایک مہینے میں تقریباً 13 میل کا سفر طے کیا۔ ٹونی کو اس نیک مقصد کو سراہتے ہوئے لوگوں نے دل کھول کر تعاون کیا جس کے ذریعے ٹونی نے تقریباً 14 ہزار 6 ڈالر امداد جمع کرلی۔

---

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

**پروگراموں میں 20,15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے**

### 5/اکتوبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 12:15 am | فیتھ میٹرز |
| 2:00 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 3:20 am | پاکستان نیشنل اسمبلی 1974ء |
| 4:20 am | Beacon of Truth (سچائی کا نور) |
| 5:00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم |
| 5:35 am | درس حدیث |
| 6:00 am | یسرنا القرآن |
| 6:35 am | دورہ حضور انور |
| 7:30 am | جاپانی سروس |
| 7:55 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9:00 am | قرآن سب سے اچھا |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم |
| 11:15 am | درس حدیث |
| 11:25 am | یسرنا القرآن |
| 11:45 am | دورہ حضور انور |
| 12:35 pm | سرائیکی سروس |
| 1:20 pm | راہ ہدیٰ |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:00 pm | فقہی مسائل |
| 5:00 pm | خطبہ جمعہ LIVE |
| 6:15 pm | سیرت النبی ﷺ |
| 6:55 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 7:05 pm | یسرنا القرآن |
| 7:30 pm | بنگلہ سروس |
| 8:20 pm | خلافت احمدیہ سال بہ سال |
| 9:20 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 5/اکتوبر 2012ء |
| 10:35 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 11:30 pm | الحوار المباشر LIVE |

### 6/اکتوبر 2012ء

| | |
|---|---|
| 1:30 am | فقہی مسائل |
| 2:05 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 5/اکتوبر 2012ء |
| 3:15 am | راہ ہدیٰ |
| 5:00 am | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم |
| 5:35 am | یسرنا القرآن |
| 5:55 am | دورہ حضور انور |
| 7:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 5/اکتوبر 2012ء |
| 8:15 am | راہ ہدیٰ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم |
| 11:15 am | درس ملفوظات |
| 11:30 am | الترتیل |
| 12:00 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2010ء |
| 1:00 pm | بین الاقوامی جماعت خبریں |
| 1:35 pm | سٹوری ٹائم |
| 1:50 pm | سوال و جواب |
| 2:40 pm | انڈونیشین سروس |
| 3:45 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 5/اکتوبر 2012ء |
| 5:00 pm | تلاوت قرآن کریم |
| 5:10 pm | سٹوری ٹائم |
| 5:25 pm | الترتیل |
| 6:00 pm | انتخاب سخن LIVE |
| 7:00 pm | بنگلہ سروس |
| 8:05 pm | سپاٹ لائیٹ |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ |
| 10:30 pm | الترتیل |
| 11:00 pm | ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں |
| 11:35 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2010ء |

### ربوہ میں طلوع وغروب یکم اکتوبر

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:35 |
| طلوع آفتاب | 5:59 |
| زوال آفتاب | 11:58 |
| غروب آفتاب | 5:56 |

حب جدوار
ہر قسم کے سردرد کیلئے ہر قسم کے مضر اثرات سے پاک
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

کسی بھی معمولی یا پیچیدہ خطرناک آپریشن سے پہلے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبد الحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

Woodsy... Chiniot
Furniture®
فرنیچر جو آپ کے مکان کو گھر بنادے
Malik Center.Faisal Abad Road.
Tehseel Choak Chiniot. 92-47-6334620
Mobile:0300-7705233-300-7719510

Best Return of your Money
انصاف کلاتھ ہاؤس
گل احمد۔ الکرم اور چکن کی اعلیٰ ورائٹی دستیاب ہے
ریلوے روڈ ربوہ فون شوروم: 047-6213961

MULTICOLOR
INTERNATIONAL
SPECIALIST IN ALL KINDS OF:
Printing & Advertising
Email: multicolor13@yahoo.com
Cell: 92-321-412 1313, 0300-8080400
www.multicolorintl.com

FR-10